
شفیق فاروقی



# دارالعلوم حقانیہ کے شب و روز

○ **ربوہ کانفرنس میں شرکت** | ۱۲ اکتوبر، مولانا سمیع الحق صاحب قادیانیوں کے عالمی مرکز ربوہ میں سالانہ ختم نبوت کانفرنس منعقدہ ۱۲، ۱۳ اکتوبر میں شرکت کی غرض سے بذریعہ تشریف لے گئے۔ جاتے ہوئے راستہ میں تحریک خدام اہلسنت والجماعت کے بانی وامیر مولانا قاضی مظہر حسین صاحب اور ممتاز نقشبندی بزرگ مولانا حافظ غلام حبیب صاحب اور ان کے صاحبزادہ مولانا عبدالرحمن صاحب سے چکوال میں ملاقات کی۔ بعد ازاں ان کے ادارے سرسری طور پر دیکھے۔ ٦ بجے شام ربوہ پہنچے۔

اسی روز رات کے اجلاس میں ساڑھے دس بجے مجلس تحفظ ختم نبوت کے زیر اہتمام ختم نبوت کانفرنس کے ایک عظیم الشان اجتماع سے خطاب فرمایا۔ دوسرے روز صبح ربوہ میں مسلمانوں کے تعلیم الاسلام کالج کا معائنہ کیا۔ جہاں کالج کے پرنسپل اور اساتذہ کے سٹاف نے آپ کو خوش آمدید کہا۔ کالج کی جامع مسجد کے معائنہ کے بعد پرنسپل سے کالج کے کئی اہم مسائل اور مسلمان سٹاف کو درپیش مسائل پہ تبادلۂ خیال ہوا۔ پرنسپل صاحب ایک حد درجہ مخلص دین کے خادم اور فرض شناس انسان ہیں۔ ان کی بہترین کارکردگی اور ادائیگی فرض میں جانکوشی سے متاثر ہوئے بغیر نہ رہ سکے۔

اسی روز ربوہ کی جامع مسجد احرار بھی جانا ہوا۔ مسجد احرار کے خطیب مولانا اللہ یار صاحب ارشد سے ملاقات ہوئی۔ یہ وہی مولانا اللہ یار ہیں جن پر پچھلے دنوں مرزائیوں نے قاتلانہ حملہ کیا تھا۔ ربوہ میں کھلا تفریحی چکر بھی لگایا۔ مرزائیوں کی عبادت گاہ اقصٰی، قصر خلافت، بہشتی مقبرہ اور گول بازار وغیرہ میں خوب آزادی سے گھوم پھر کر ریلوے اسٹیشن کی جامع مسجد محمدیہ اور جامع مسجد ختم نبوت پہنچے۔ اس کے معائنہ کے بعد ایک بجے واپسی ہوئی۔ کانفرنس کے دوران مجلس عمل کے زعماء سے بھی ملاقاتیں رہیں۔ ربوہ شہر کے اس دورہ میں مولانا محمد شریف صاحب جالندھری جنرل سیکرٹری مجلس تحفظ ختم نبوت پاکستان آپ کے ہمراہ رہے۔ ان ہی کے تعارف و رہنمائی میں یہ پروگرام انجام پذیر ہوا۔ احقر شفیق فاروقی بھی آپ کا ہمسفر رہا۔

○ **اسلامی یونیورسٹی اسلام آباد** | ۱۰ اکتوبر۔ اسلامی یونیورسٹی واقع فیصل مسجد اسلام آباد کی اہم میٹنگ